2019年7月3日ジャング紙ラホール版 1面

بلوچستان میں چینی انجینئرز، کراچی میں چینی قونصلیٹ، گوادر میں ہوٹل پر حملہ براہمداغ بگٹی اور حربیار مری کی تنظیم کے خلاف فیصلے کی وجہ بنی، امریکی محکمہ خارجہ

امریکا نے بلوچ علیحدگی پسند تنظیم کو دہشتگرد قرار دیدیا

کالعدم بی ایل اے، جنداللہ، جیش العدل اور فدائین اسلام غیر ملکی دہشتگرد تنظیموں کی فہرست میں شامل، امریکا میں اثاثے منجمد، امریکی شہریوں پر ان تنظیموں کیساتھ ہر طرح کے لین دین پر پابندی عائد

پاکستان میں دہشتگردی کو ہوا دینے، اسکے آرگنائزرز، معاونین اور بیرونی اسپانسرز کا احتساب کرکے انہیں انصاف کے کٹہرے تک پہنچایا جائے گا، ترجمان دفتر خارجہ، امریکی فیصلے کا خیر مقدم

واشنگٹن (جنگ نیوز) امریکا نے براہمداغ بگٹی اور حربیار مری کی بلوچ علیحدگی پسند تنظیم کالعدم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کو دہشت گرد تنظیم قرار دے دیا۔ امریکی محکمہ خارجہ نے کالعدم جنداللہ، جیش العدل اور فدائین اسلام کو بھی غیر ملکی دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں شامل کر دیا ہے، ان دہشت گرد تنظیموں کے امریکا میں تمام اثاثے منجمد کر دیئے گئے ہیں، امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق امریکی شہریوں پر ان تنظیموں سے کسی قسم کے لین دین پر پابندی ہو گی، کالعدم بی ایل اے دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث ہے، بی ایل اے مسلح علیحدگی پسند گروپ ہے جو سیکورٹی فورسز اور عام شہریوں کو نشانہ بناتا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا ہے کہ بی ایل اے کی جانب سے گزشتہ سال پاکستان میں کئی دہشت گرد حملے کیے گئے، بی ایل اے نے اگست 2018 میں بلوچستان میں چینی انجینئرز کو نشانہ بنایا، نومبر 2018 میں کراچی میں چینی قونصلیٹ پر حملہ کیا اور بی ایل اے نے مئی 2019 میں گوادر میں ایک ہوٹل پر حملہ کیا۔ واضح رہے کہ پاکستان اور برطانیہ پہلے ہی بی ایل اے کو دہشت گرد تنظیم قرار دے چکے ہیں اور حکومت پاکستان طویل عرصے سے امریکا سے بھی بی ایل اے کو دہشت گرد تنظیم قرار دینے کا مطالبہ کر رہی تھی۔ دوسری جانب پاکستان نے امریکا کی جانب سے بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کو عالمی دہشت گرد تنظیم قرار دیئے جانے کا خیر مقدم کیا ہے، دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے امریکی انتظامیہ کی طرف سے بلوچستان لبریشن آرمی کو عالمی دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں ڈالنے کو نوٹ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ ڈاکٹر محمد فیصل کا کہنا ہے کہ بی ایل اے حالیہ عرصہ میں ملک میں کئی دہشت گرد حملوں میں ملوث رہی ہے اور 2006ء سے اسے پاکستان میں کالعدم قرار دیا جا چکا ہے، امید ہے کہ امریکا کی طرف سے دہشت گرد فہرست میں شامل کیے جانے سے بی ایل اے کی کارروائیوں میں کمی ہو گی۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ پاکستان میں دہشت گردی کو ہوا دینے، اس کے آرگنائزرز، معاونت کرنے والے اور بیرونی اسپانسرز کا بھی احتساب کیا جائے گا اور انصاف کے کٹہرے تک پہنچایا جائے گا۔ واضح رہے کہ کالعدم تنظیمیں بلوچستان لبریشن آرمی اور جیش العدل گزشتہ کئی برس سے بلوچستان سمیت پورے ملک میں عام شہریوں اور سیکیورٹی فورسز پر حملوں اور دہشت گردی کی دیگر کارروائیوں میں ملوث رہی ہے۔